سبق - 2

عقائد

اللہ تعالیٰ نے بے شمار فرشتے پیدا کیے ہیں جو الگ الگ کام کرتے رہتے ہیں۔ اللہ نے ہر انسان کے ساتھ دو فرشتے مقرر کیے ہیں، یہ دونوں فرشتے ہر وقت ہمارے ساتھ رہتے ہیں، ایک ہماری دائیں جانب ہوتا ہے جو ہمارے نیک کاموں کا حساب رکھتا ہے اور دوسرا بائیں جانب ہوتا ہے جس کے پاس ہمارے گناہوں کا حساب رہتا ہے۔ یہ دونوں بہت ہی باریک بینی سے اور تفصیل کے ساتھ انسان کے ہر عمل کو لکھتے ہیں اور کوئی معمولی سی چیز بھی ان سے نہیں چھوٹتی ہے۔ ان کی مکمل رپورٹ اللہ کے پاس جمع کروائی جائے گی اور اس کا نتیجہ قیامت کے دن سنایا جائے گا۔

دعا

”اَللّٰهُمَّ أَحسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُورِ كُلِّهَا، وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الاٰخِرَةِ“

ترجمہ: اے اللہ! تمام کاموں میں ہمارا انجام اچھا فرمایئے اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے نجات عطا فرمایئے۔ (مسند احمد: ۱۷۶۲۸)

حدیث

”وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ“۔

ترجمہ: اور جس نے کسی تنگدست کے لیے آسانی پیدا کی، اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کے لیے آسانی پیدا فرمائیں گے۔ (مسلم: ۲۶۹۹)

اخلاق وآداب

اسکول میں آپ کی سب سے زیادہ پسندیدہ شخصیت کس کی ہے؟ یقیناً آپ کے استاد کی!!! کیونکہ استاد آپ کی تعلیم کا خوب خیال کرتے ہیں، بہت محنت کرتے ہیں اور آپ کے سیکھنے کو یقینی بناتے ہیں۔ اس لیے آپ اپنے استاد کو ہمیشہ خوش رکھیں۔ کلاس میں جب استاد پڑھاتے رہیں تو مکمل توجہ سے سنیں اور استاد کی اطاعت کریں۔

سیرت رسول ﷺ

مکہ والوں سے جب اسلام کا پھیلنا دیکھا نہ گیا تو انہوں نے ظلم کی نئی شکل اختیار کی اور اعلان کر دیا کہ ایمان قبول کرنے والوں کا سماجی ومعاشی بائیکاٹ کیا جائے، اس بائیکاٹ کے نتیجہ میں مسلمانوں کو تین سال تک انتہائی تکلیفوں اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا۔

قرآن

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ (1) وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ (2) الَّذِىْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ (3)
وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ (4) فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (5) اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (6)
فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ (7) وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ (8)

نوٹ: مکمل سورۂ انشراح یاد کروائی جائے۔

www.understnadquran.com